**ڈسکوز کی سہ ماہی ٹیرف ایڈجسٹمنٹ کی درخواست پر نیپرا کی عوامی سماعت**

کراچی، 14 فروری، 2024: نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے مالی سال 24ء کی دوسری سہ ماہی اکتوبر تا دسمبر 2023 کے لیے XWDISCOS کی جانب سے دائر کی گئی سہ ماہی ٹیرف ایڈجسٹمنٹ (کیو ٹی اے) کی درخواست پر عوامی سماعت کی۔ درخواست میں سسٹم آپریشنز سے متعلق مختلف چارجز کی استدعا کی گئی تھی۔ چونکہ پاور سیکٹر ریگولیٹڈ ماحول میں کام کرتا ہے، اس لیے بجلی کے اخراجات اور اس طرح کے دیگر چارجز کا تعین نیپرا اتھارٹی کرتی ہے، جس کا نوٹیفکیشن حکومت پاکستان کی جانب سے جاری کیا جاتا ہے۔ کیو ٹی اے کے۔ الیکٹرک سمیت تمام ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کے صارفین پر لاگو ہوگا۔

حتمی نوٹیفکیشن میں صارف سے وصول کی جانے والی رقم کے ساتھ اُس مدت کا تعین بھی کیا جائے گا جس میں کیو ٹی اے کو صارفین سے بلوں کے ذریعے وصول کیا جانا ہے۔ ملک میں لاگو یکساں ٹیرف پالیسی کے تحت حتمی فیصلہ حکومت پاکستان اور نیپرا اتھارٹی کرتی ہے۔ انفرادی تقسیم کار کمپنیاں اس عمل پر اثرانداز نہیں ہوسکتیں اور نہ ہی یکطرفہ تبدیلیاں کرسکتی ہیں۔

**کے۔ الیکٹرک کا تعارف**

کے۔ الیکٹرک ایک پبلک لسٹڈ کمپنی ہے، جس کا قیام پاکستان بننے سے قبل 1913 میں کے ای ایس سی کے طور پر عمل میں آیا۔ 2005 میں کمپنی کی نجکاری کی گئی۔ کے۔ الیکٹرک پاکستان کی واحد عمودی طور پر مربوط یوٹیلیٹی ہے، جو کراچی اور اس کے ملحقہ علاقوں سمیت 6500 مربع کلومیٹر علاقے کو بجلی فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کے 66.4 فیصد حصص پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں لسٹڈ ہیں اور کے ای ایس پاور کی ملکیت ہیں۔ یہ سرمایہ کاروں کا ایک کنسورشیم ہے، جس میں سعودی عرب کی الجومعہ پاور لمیٹڈ، کویت کا نیشنل انڈسٹریز گروپ (ہولڈنگ) اور انفرا اسٹرکچر اینڈ گروتھ کیپٹل فنڈ (آئی جی سی ایف) شامل ہیں۔ کے۔ الیکٹرک میں حکومت پاکستان کے بھی 24.36 فیصد حصص ہیں۔